SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

ایس ای سی پی کمپنیز رجسٹریشن کی ون سٹاپ شاپ کا دائرہ کار بلوچستان تک بڑھائے گا

اسلام آباد (جنوری 10) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے کمشنر شوکت حسین نے کہا ہے کہ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن کی ای سروسز کے لئے قائم ون سٹاپ شاپ کا دائرہ کار بلوچستان اور خیبر پختونخواہ تک بڑھایا جائے گا۔ وہ حکومت بلوچستان کے 'روایتی کاروبار کو کارپوریٹ باڈیز میں تبدیل کرنے' کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی نے کی ای سروسز کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور ایمپلائز اولڈ ایج بینفٹس کے ادارے (ای او بی آئی) کو صوبائی حکومتوں کی سطح پر اور پنجاب بزنس رجسٹریشن پورٹل اور سندھ میں صوبائی سطح پر منسلک کر دیا ہے۔ جس کے نتیجے میں، ایس ای سی پی کی ای سروسز ایس ای سی پی، ایف بی آر، ای او بی آئی، پنجاب/سندھ کے ایمپلائیز سوشل سکیورٹی ادارے (پی ای ایس ایس آئی/ایس ای ایس ایس آئی)، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈپارٹمنٹ اور پنجاب اور سندھ کے لیبر ڈپارٹمنٹ کے ساتھ کمپنی کی رجسٹریشن کے لئے ون سٹاپ سہولت مرکز بن گئی ہے۔

کمشنر شوکت حسین نے بلوچستان حکومت کے ان اقدامات کو سراہا جس کے تحت صوبے میں کاروباری افراد کو کمپنی بنانے اور کارپوریٹ شعبے میں لانے کے فیصلے کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا معاشی سرگرمیوں کو ریگولیٹری فریم ورک میں لانے سے معاشی نمو میں بہتری آتی ہے اور نئی ملازمتوں کے مواقع بھی پیدا ہوتے ہیں۔ لہذا یہی وقت ہے کہ کاروباری رجسٹریشن کی حوصلہ افزائی کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

تقریب کے شرکاء کو ایس ای سی پی کی طرف سے حالیہ دنوں میں اپنا کاروبار کرنے والوں (انٹرپینورز) کو سہولت فراہم کرنے اور کمپنی رجسٹریشن کے عمل میں درکار وقت اور سرمایہ کاری کی لاگت میں کمی بشمول کمپنیوں کی رجسڑیشن کے طریقہ کار کو سہل بنانے، فیسوں میں کمی، صرف 4 گھنٹوں میں کمپنی کی رجسٹریشن اور موبائل اور انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعے فیس کی ادائیگی کی سہولت فراہم کرنے کے لئے کی گئی حالیہ اصلاحات کے بارے میں بھی روشنی ڈالی گئی۔ انہوں نے حاضرین کو بتایا کہ ایس ای سی پی کی جانب سے متعارف کروائی گئی اصلاحات نے کاروباری افراد کو اپنے کاروبار کی رجسٹریشن میں مدد فراہم کی ہے۔ جس کے نتیجے میں حالیہ معاشی بدحالی کے باوجود، گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 2019 میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 27 فیصد تک اضافہ ہوا ہے۔

انہوں نے تقریب کے شرکاء کو ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر سٹارٹ اپ پورٹل کے اجراء کے بارے میں آگاہ کیا اور خصوصی طور پر ٹیکنالوجی کے شعبے میں سٹارٹ اپ پورٹل کو فروغ دینے کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 میں ترمیم کی تجویز پیش کی۔

---

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

وزیر اعلیٰ بلوچستان، سیکرٹری انڈسٹریز اور ڈی جی بورڈ آف انویسمنٹ، بلوچستان نے کاروباری سہولت فراہم کرنے پر ایس ای سی پی کے اقدامات کو سراہا اور بلوچستان میں ون سٹاپ شاپ کے نفاذ کے لئے اپنے تعاون کا یقین دلایا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005